اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے
تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلْ إِن كُنتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ

کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری
پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

مسنون اذکار

بخشش کا ذریعہ: خواہ میدان جنگ سے بھاگا ہو۔

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ۔ (۳مرتبہ)

ترجمہ: میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ زندہ اور قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ: ۳۰۰۶۳)

چار غلام آزاد کرنے کا ثواب

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

ترجمہ: "خدا کے سوا کوئی معبود عبادت کے لائق نہیں ہے وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اور بادشاہی اسی کی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔" (بخاری ۳۲۹۳) (۱۰مرتبہ)

گناہوں سے توبہ واستغفار کے لیے

أَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ وَأَتُوبُ إِلَیۡہِ ۔ (صحیح بخاری 6307)

ترجمہ: میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اُس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ (100 مرتبہ)

پڑھنے والے کے لیے جنت واجب

رَضِیۡتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّ بِالۡاِسۡلَامِ دِیۡنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوۡلًا۔ (صبح وشام)

ترجمہ: میں اللہ پر راضی ہوں، اس کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رسول ہونے پر۔ (النسائی:۵)

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔ (۷ مرتبہ صبح وشام)

ترجمہ: مجھے اللہ ہی کافی ہے، اس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں، میں نے اسی پر بھروسہ کیا اور وہ عرش عظیم کا رب ہے۔ (ابوداؤد:۵۰۸۱)

سونے سے پہلے پڑھنے والے کے لیے کافی

(بخاری:۲۳۱۱)

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَۃُ الْفَلَقِ، سُوْرَۃُ النَّاس، (۳ مرتبہ) (ابوداؤد:۵۰۸۲) اٰیَتُ الْکُرْسِی (۱ مرتبہ)

درودِ پاک کی کثرت، رسول اللہ ﷺ کی شفاعت اور قرب کے لیے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ۔

ترجمہ: اے اللہ! نبی امی محمد اور آپ ﷺ کی آل پر اپنی رحمت نازل فرما۔ (ابوداؤد:۹۸۰)

اللہ کو سب سے محبوب کلمات

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرْ۔ (مسلم:۲۱۳۷)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ پاک ہے، سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔

زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری کلمات

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ۔ (بخاری:۶۴۰۶)

ترجمہ: پاک ہے اللہ اور اپنی حمد کے ساتھ، پاک ہے اللہ عظمت والا۔

جنت کے خزانوں میں سے خزانہ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ۔ (بخاری:۶۴۰۹)

ترجمہ: نہیں کوئی طاقت اور نہ قوت مگر اللہ کی مدد کے ساتھ۔

سب سے افضل ذکر

"لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" ترجمہ: نہیں کوئی معبود اللہ تعالیٰ کے سوا۔ (مسند احمد:۲۱۸۱۹)

مسنون دعائیں

ناگہانی آفتوں ونقصانات سے بچنے کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔(3 بار صبح وشام)(ابوداؤد:۵۰۸۸)

ترجمہ: اس اللہ تعالیٰ کا نام لیتا ہوں جس کے نام کی وجہ سے زمین وآسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے (اور) جاننے والا ہے۔

ہر موذی چیز سے حفاظت

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ (۳ بار شام)(مسلم:۲۷۰۹)

ترجمہ: میں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔

مریض کی صحت وعافیت کیلئے (سات مرتبہ) یہ دعا پڑھیں

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِیمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ، أَنْ یَشْفِیَكَ ۔(سنن ابی داؤد 3106)

ترجمہ: میں عظمت والے اللہ سے جو عرش عظیم کا مالک ہے دعا کرتا ہوں کہ وہ تم کو شفاء دے۔

(تو اللہ اسے اس مرض سے شفاء دے گا)

بیمار پرسی کے وقت یہ دعا پڑھیں

لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ ۔(صحیح بخاری 3616)

ترجمہ: کوئی حرج نہیں اللہ نے چاہا تو یہ (بیماری گناہوں کو) پاک کرنے والی ہے۔

بچوں کو اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دینے کی دعا

أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ (بخاری 3371)

ترجمہ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔"

بوقت مصیبت نعم البدل مانگنے کی دعا

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیۡهِ رَاجِعُوۡنَ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیۡ فِیۡ مُصِیۡبَتِیۡ وَاخْلُفْ لِیۡ خَیۡرًا مِّنْهَا ۔

ترجمہ: یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور یقیناً ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! اجر دے مجھے میری اس مصیبت میں اور بدلے میں عطا فرما مجھے اس سے زیادہ بہتر۔ (مسلم:۹۱۸)

مجلس کی اختتامی دعا

سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ اَشْهَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡكَ ۔

ترجمہ: آپ پاک ہیں اے اللہ! اپنی حمد کے ساتھ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں آپ سے بخشش چاہتا ہوں اور آپ کے سامنے توبہ کرتا ہوں۔ (ترمذی:۳۴۳۳)

والدین کے لئے دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّیٰنِیۡ صَغِیۡرًا ۔ (بنی اسرائیل:۲۴)

ترجمہ: اے میرے رب! ان پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے۔

سورۃ بقرہ کی آخری دو آیات: رات کو پڑھنے والوں کے لیے کافی ہو جاتی ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیۡكَ الۡمَصِیۡرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَیۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِیۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَیۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَی الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعۡفُ عَنَّا وَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا اَنۡتَ مَوۡلٰنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِیۡنَ ﴿۲۸۶﴾ (بخاری:۴۰۰۸)

دنیاوآخرت کی بھلائی کے لیے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ (بخاری:۶۳۸۹)

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھلائی عطا کر اور آخرت میں بھلائی عطا کر اور ہمیں دوزخ سے بچا۔

قید اور مصیبتوں سے نجات

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ (ترمذی:۳۵۰۵)

ترجمہ: تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو پاک ہے یقیناً میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

جو شخص رات کو بیدار ہو تو یہ دعا پڑھے: اس کے بعد جو دعا کرے وہ قبول ہوتی ہے۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ۔

ترجمہ: "اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کے لیے ہے اور تمام تعریفیں بھی اسی کے لیے ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ تمام تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کی ذات پاک ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کی مدد کے بغیر نہ کسی کو گناہوں سے بچنے کی طاقت ہے نہ نیکی کرنے کی ہمت۔ اے اللہ! میری مغفرت فرما" (بخاری:۱۱۵۴)

نماز کے بعد کے مسنون اذکار

اَللّٰهُ اَكْبَرُ (ایک مرتبہ بلند آواز سے) (بخاری:۸۴۲) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ (تین مرتبہ) (مسلم:۵۹۱)

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

ترجمہ: اے اللہ! تو سلامتی والا ہے اور سلامتی تیری طرف سے ہی ہے، اے جلالت و عزت کے مالک! تو برکت والا ہے۔ (مسلم:۵۹۱)

ذکروشکراورعبادت کے لیے دعا

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَشُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ۔ ترجمہ: اے اللہ تو اپنے ذکر، شکر اور اچھے طریقے سے اپنی عبادت کرنے پر میری مدد فرما۔ (ابوداؤد:۱۵۲۲)

حضرت ابو ہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ہر نماز کے بعد" ۳۳ بار " سُبْحَانَ اللّٰہِ " ۳۳ بار " اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ " ۳۳ بار " اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اور ایک بار ﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ﴾ کہے تو اس کے سب گناہ معاف ہو جائیں گے، چاہے وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی ہوں۔ (مسلم:۵۹۷)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز فجر کے بعد فرماتے:

﴿اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّ رِزْقًا طَیِّبًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا﴾ (ابن ماجہ:۹۲۵)

ترجمہ: " اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم مانگتا ہوں اور پاک رزق اور مقبول عمل"۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھی۔ اسے موت کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روک سکتی۔ (السلسلۃ صحیحۃ:۹۷۲)

حضرت عقبہ بن عامرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ہر (فرض) نماز کے بعد معوذات پڑھا کروں۔ سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ، سُوْرَةُ الْفَلَقِ، سُوْرَةُ النَّاسِ (ابوداؤد:۱۵۲۳)

Print By: 0301-8545600